روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
FD-10

# الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

منگل 12 مئی 2009ء 16 جمادی الاول 1430 ہجری 12 ہجرت 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 104

شیطان فقرسے ڈراتااور فحشاء کا حکم دیتا جب که اللّٰه تعالیٰ بخشش اورفضل کاوعدہ کرتا ہے

## اللہ تعالیٰ کی رحمت عام اور وسیع، جبکہ غضب قانون الٰہی سے تجاوز کرنے پر ظاہر ہوتا ہے

تقویٰ، عبادت اور مالی قربانیاں کرو، خدا تعالیٰ سے محبت کرو اور اس کی آیات پر ایمان لاؤ

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ فرمودہ 8 مئی 2009ء بمقام بیت الفتوح مورڈن لندن کا خلاصہ

خطبہ جمعہ کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 8 مئی 2009ء کو بیت الفتوح مورڈن لندن میں خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔ حضور انور کا یہ خطبہ جمعہ متعدد زبانوں میں تراجم کے ساتھ ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر براہ راست ٹیلی کاسٹ کیا گیا۔

حضور انور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے ایک نام الواسع بھی ہے جس کا مطلب ہے وہ ذات جس کا رزق اس کی ساری مخلوق پر حاوی ہے، جس کی رحمت ہر چیز پر حاوی ہے، جس کا غنی ہونا ہر احتیاج پر حاوی ہے، جس سے جب سوال کیا جاتا ہے تو رحمت وسیع سے وسیع تر ہوتی جاتی ہے۔ وہ ذات جو ہر ایک چیز کا احاطہ کئے ہوئے ہے اور ہر ایک چیز کا علم رکھتی ہے۔ حضور انور نے قرآن کریم کی بعض آیات پیش کیں جن میں خدا تعالیٰ نے بعض باتوں کی طرف مومنوں کو توجہ دلاتے ہوئے انہیں اپنی صفت واسع کے ساتھ بیان فرمایا ہے۔

حضور انور نے فرمایا سورۃ البقرۃ آیت 269 میں شیطان کا بندوں کو ورغلانے کا ذکر ملتا ہے کہ شیطان غربت سے ڈراتا اور فحشاء کا حکم دیتا ہے جبکہ اللہ تعالیٰ اپنی جناب سے بخشش اور فضل کا وعدہ کرتا ہے۔ بے شمار جگہ پر اللہ تعالیٰ نے ہمیں مختلف حوالوں سے شیطان سے بچنے کی تلقین فرمائی ہے کہ وہ تمہارا کھلا کھلا دشمن ہے۔ نیک اعمال بجا لاؤ، عبادات کی طرف توجہ کرو۔ حضرت مسیح موعود نے فرمایا کہ قرآن کریم میں بیان شدہ واقعات پرانی باتیں نہیں بلکہ آئندہ کے لئے پیشگوئیاں ہیں اس لئے اگر حقیقی مومن ہو تو ان سے نصیحت حاصل کرو۔

حضور انور نے فرمایا کہ شیطان تمہیں فقر سے ڈراتا ہے۔ فقر کے معنی غربت اور ریڑھ کی ہڈی کے ٹوٹنے کے بھی ہیں۔ شیطان تمہیں ورغلاتا ہے کہ اگر یہ کام کرو گے تو تم کھڑے ہونے کے بھی قابل نہیں رہو گے اور دنیاوی ترقی میں پیچھے رہ جاؤ گے۔ کبھی انسان کو عبادت سے غافل کرتا ہے تو کبھی مالی قربانی سے روکنے کے لئے فقر سے ڈراتا ہے۔ مگر اللہ تعالیٰ کے بندے شیطان کے بہکاوے میں نہیں آتے۔ حضور انور نے احمدیوں کی جانی اور مالی قربانیوں کا ذکر کر کے فرمایا کہ عباد الرحمٰن ایسے ہوتے ہیں جو خدا تعالیٰ کی رضا کی خاطر کسی بھی قسم کی قربانی پیش کرنے سے دریغ نہیں کرتے۔

حضور انور نے فرمایا کہ شیطان ایک طرف تو فقر کا خوف دلا کر انسان کو بہکاتا ہے تو دوسری طرف فحشاء کی ترغیب دے کر ایک دنیادار کو دنیاوی لہو ولعب میں خرچ کرنے کے لئے ابھارتا ہے۔ اس عارضی لذت کی طرف ایسے خوبصورت انداز میں توجہ دلا رہا ہوتا ہے کہ انسان بھول جاتا ہے کہ وہ غلط کام کر رہا ہے۔ پس مومنوں کیلئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ شیطان کے قدموں کی پیروی مت کرو کیونکہ وہ پوری کوشش میں ہے کہ تمہیں خدا تعالیٰ سے دور کر دے۔ خدا تعالیٰ کی طرف آؤ اور توبہ کرتے ہوئے اس کی طرف جھکو اللہ تعالیٰ تم سے بخشش کا وعدہ کرتا ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ جو ایمان لانے کے بعد توبہ کی طرف توجہ کرنے والے ہیں، اللہ تعالیٰ کے حضور جھکنے اور نیک اعمال بجالانے والے ہیں ان کے لئے فرشتے بھی دعا کرتے ہیں اور بخشش طلب کرتے ہیں گویا کہ خدا تعالیٰ نے اپنے بندوں کے نیک اعمال کا زیادہ سے زیادہ اجر دینے کے لئے اپنے فرشتوں کے نظام کو بھی متحرک کیا ہوا ہے۔ پس یہ ہے ہمارا رحمٰن اور غفور الرحیم خدا جو انسان کی بخشش کے سامان کرنے اور اسے نیکیوں پر قائم رکھنے کے لئے ہر ذریعہ استعمال کرتا ہے۔ خدا تعالیٰ نے انسان پر اپنی بے پناہ رحمت کا اظہار کر کے ساتھ ہی انسان کو اس کے مقصد پیدائش کی طرف بھی توجہ دلا دی کہ تقویٰ اختیار کرو، میری عبادت کرو، میرے سے محبت سب رشتوں سے بڑھ کر کرو، حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی کے لئے مالی قربانیاں بھی کرو اور میری آیات پر ایمان لاؤ۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ رحمت خدا تعالیٰ کی عام اور وسیع ہے اور غضب یعنی صفت عدل قانون الٰہی سے تجاوز کرنے کے بعد اپنا حق پیدا کرتی ہے۔ پس اللہ تعالیٰ نے جو قانون قدرت رکھا ہے اس کے تحت حد سے زیادہ بڑھنے والوں کو سزا بھی دیتا ہے اس لئے گناہ گاروں کے بارے میں نہیں بلکہ تقویٰ اختیار کرنے، زکوٰۃ دینے اور خدا تعالیٰ کے نشانوں پر ایمان لانے والوں کے بارے میں فرمایا کہ ان پر میری رحمت واجب ہوگی۔ پس ایک مومن کا کام ہے کہ اس رحمت کے حصول کی کوشش کرتا رہے اور پھر اللہ تعالیٰ کی وسیع تر رحمتوں کی امید رکھے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

## اللہ کا حصہ

حضرت قتادہؓ صحابہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارہ میں بیان کرتے ہیں کہ یہ وہ لوگ تھے جو آپس میں تجارت کرتے تھے مگر جب اللہ کے حقوق میں سے کوئی حق ان کے سامنے آجاتا تو اللہ تعالیٰ کے ذکر سے تجارت اور خرید و فروخت ان کو غافل نہ کرتی وہ اللہ کا حصہ بہرکیف ادا کرتے۔

(صحیح بخاری کتاب البیوع باب و اذا رأوتجارۃ)

## لغویات سے بچیں

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

’’میں تنبیہ کرتا ہوں کہ ان لغویات اور فضولیات سے بچیں۔ پھر ڈانس ہے ناچ ہے،...... بعض دفعہ اس قسم کے بیہودہ قسم کے میوزک یا گانوں کے اوپر ناچ ہو رہے ہوتے ہیں اور شامل ہونے والے عزیز رشتہ دار اس میں شامل ہو جاتے ہیں تو اس کی کسی صورت میں بھی اجازت نہیں دی جاسکتی ...... بعض لوگ اکثر مہمانوں کو رخصت کرنے کے بعد اپنے خاص مہمانوں کے ساتھ علیحدہ پروگرام بناتے ہیں اور پھر اسی طرح کی لغویات اور ہلڑ بازی چلتی رہتی ہے گھر میں علیحدہ ناچ ڈانس ہوتے ہیں چاہے لڑکیاں لڑکیاں ہی ڈانس کر رہی ہوں یا لڑکے لڑکے بھی کر رہے ہوں لیکن جن گانوں اور میوزک پہ ہو رہے ہوتے ہیں وہ ایسی لغو ہوتی ہیں کہ وہ برداشت نہیں کی جاسکتیں۔‘‘

(خطبات مسرور جلد 3 صفحہ 687-688)

ہر احمدی کا فرض ہے کہ وہ ان لغویات کے قریب بھی نہ جائے۔

(مرسلہ: ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ بسلسلہ تعمیل سفارشات شوریٰ 2009ء)

## مجلس نصرت جہاں کے ڈاکٹرز کی توجہ کے لئے

مجلس نصرت جہاں کی طرف سے مکرم ڈاکٹر مسعود الحسن نوری صاحب ایڈمنسٹریٹر طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ کی خدمت میں گزارش کی گئی تھی کہ ہمارے افریقہ میں قائم ہسپتالوں کے ڈاکٹر صاحبان اگر اپنے مریضان کی ECG رپورٹس برائے راہنمائی ومشورہ ڈاکٹر نوری صاحب کو بھجوائیں تو وہ اپنی قیمتی رائے اور علاج کے سلسلہ میں مشورہ عنایت کر کے ان کی مدد فرمائیں۔ مکرم ڈاکٹر نوری صاحب نے ہماری درخواست کے نتیجہ میں اس بات پر بخوشی آمادگی ظاہر کی ہے کہ وہ میدان عمل میں موجود ڈاکٹرز کی ہر طرح

(باقی صفحہ 8 پر)

رپورٹ: مکرم محمد افضل بھٹی صاحب۔ مربی سلسلہ موروگورو۔ تنزانیہ

# صد سالہ خلافت جوبلی 2008ء کے سلسلہ میں

## تنزانیہ کے Mtwara اور Lindi ریجنز میں جلسہ ہائے خلافت

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے جماعت احمدیہ عالمگیر خلافت احمدیہ کے سو سال پورا ہونے پر جلسہ ہائے خلافت منعقد کررہی ہے۔ اسی سلسلہ میں تنزانیہ کے Mtwara اور Lindi ریجنز کی مختلف جماعتوں میں جلسے منعقد ہوئے جن کی مختصر رپورٹ بغرض دعا ہدیۂ قارئین ہے۔

### Mewala جماعت

مورخہ 4؍جولائی 2008ء کو نماز جمعہ اور عصر کے بعد دو بجے جلسہ کا آغاز بیت میوالا میں ہوا۔

احباب جماعت صبح سے ہی مشن ہاؤس میں جمع ہونے شروع ہوگئے تھے۔ ایک بکرا ذبح کیا گیا۔ مشن ہاؤس اور بیت الذکر کی صفائی کی گئی۔ بیت الذکر اور ملحقہ علاقہ کو خوبصورت جھنڈیوں سے سجایا گیا۔

تلاوت ونظم کے بعد مکرم معلم اشرف عثمان صاحب، مکرم معلم حسین مروبے صاحب، مکرم معلم Nyenje صاحب اور خاکسار نے تقاریر کیں۔ سب احباب کو کھانا پیش کیا گیا اور بچوں میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔ جلسہ کی کل حاضری 93 تھی جن میں سے 67 احمدی احباب اور 26 غیر از جماعت مہمان تھے۔ علاقہ کے چیف نے بھی شرکت کی۔

### Mcholi جماعت

مورخہ 5؍جولائی بروز ہفتہ دوپہر ساڑھے دس بجے بیت الذکر Mcholi میں جلسہ کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ نظم کے بعد مہمانوں کو خوش آمدید کہا گیا۔ اس کے بعد خلافت کے موضوع پر چار تقاریر ہوئیں۔ معلم حلقہ حسن مروبے اور مہمان معلم مکرم اشرف عثمانی صاحب اور مکرم معلم Nyenje صاحب کے علاوہ خاکسار نے بھی تقاریر کیں۔ ساڑھے تین بجے نماز ظہر وعصر کے بعد جلسہ برخاست ہوا۔ جلسہ کی حاضری 111 رہی جن میں 73 غیر از جماعت مہمان تھے۔ گاؤں کے چیئرمین اور بعض افسروں نے بھی شرکت کی۔

### Liwale جماعت

مورخہ 4 جولائی کو جلسہ رکھا گیا۔ کافی دور دراز علاقہ میں یہاں تین گھرانوں پر مشتمل چھوٹی سی جماعت ہے۔ گزشتہ سال یہاں مشن کھولا گیا تھا۔ جلسہ کے لئے دو معلمین دوسرے مشنوں سے شامل ہوئے۔ جمعہ کے بعد جلسہ کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ جنرل سیکرٹری صاحب نے سب مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔ بعد ازاں خلافت کے موضوع پر تین تقاریر ہوئیں۔ شام چھ بجے جلسہ ختم ہوا۔ آخر پر سوال وجواب کی مجلس ہوئی۔ جلسہ کی کل حاضری 34 تھی جن میں 19 مہمان شامل تھے۔

### Rondo جماعت

مورخہ 4؍جولائی 2008ء کو جلسہ کا پروگرام تھا۔ Lindi سے دو معلمین جلسہ کے لئے پہنچ گئے۔ جمعہ کے بعد جلسہ کا آغاز ہوا۔ تلاوت ونظم کے بعد تین تقاریر خلافت کے موضوع پر ہوئیں۔ صدر صاحب جماعت مکرم سعید عثمان صاحب اور مکرم معلم مگالو صاحب اور مکرم معلم نیمبی صاحب نے تقاریر کیں۔ اور آخر پر مہمانوں کے سوالات کے جوابات دیئے۔ ساڑھے پانچ بجے جلسہ کا اختتام ہوا۔ جلسہ کی حاضری 132 تھی جن میں 120 مہمان جن میں سے ایک امام مسجد بھی تھے، شامل ہوئے۔

### Dinembo جماعت

مورخہ 6 جولائی جلسہ کا پروگرام ہوا۔ ساڑھے چار بجے صبح نماز تہجد ادا کی گئی جس میں کثرت سے احباب شامل ہوئے۔ نماز فجر کے بعد درس دیا گیا اور ایک عدد بکرا ذبح کیا گیا۔ بیت الذکر کے ساتھ کھلی جگہ پر جلسہ کا اہتمام تھا۔ دس بجے کے بعد جلسہ کا آغاز ہوا۔ تلاوت ونظم کے بعد چار تقاریر ہوئیں جن کا موضوع خلافت تھا۔ مکرم معلم مصطفیٰ مامبو صاحب، مکرم معلم مرتضیٰ جعفر صاحب اور مکرم معلم محی الدین صاحب نے خلافت کے موضوع پر تقاریر کیں اور مہمانوں کے سوالات کے جوابات دیئے گئے۔ نماز ظہر وعصر کے بعد جلسہ برخاست ہوا۔ اس گاؤں کے ایک مخالف نے سارے گاؤں میں پھر کر لوگوں کو جلسہ میں شامل ہونے سے منع کیا۔ مگر اللہ کے فضل سے اس کے باوجود 127 مہمانوں نے جلسہ میں شرکت کی جن میں گاؤں کے چیئرمین اور سنی امام اور ہائی سکول کے اساتذہ اور سیاسی پارٹی کے سیکرٹری بھی شامل تھے۔ جلسہ کی کل حاضری 224 تھی۔

### Kiegei جماعت

مورخہ 6 جولائی 2008ء دوپہر دس بجے جلسہ کا آغاز ہوا۔ صبح نماز تہجد باجماعت ادا کی گئی۔ مشن سے تقریباً 120 کلومیٹر دور چھ گھرانوں پر مشتمل جماعت ہے۔ تین معلم جلسہ کے لئے ایک دن پہلے پہنچ گئے تھے۔ غیر از جماعت لوگوں نے بھی اس جلسہ کے انتظام میں حصہ لیا۔ کافی افراد سائیکلوں پر اور پیدل سفر کرکے شامل ہوئے۔ تلاوت ونظم کے بعد مکرم معلم اشرف عثمان صاحب، مکرم معلم حسن مروبے صاحب، مکرم معلم Nyenje صاحب اور خاکسار نے خلافت کے موضوع پر تقاریر کیں۔ اور مہمانوں کے سوالات کے جواب دیئے۔ نماز ظہر وعصر کے بعد تین بجے جلسہ اختتام پذیر ہوا۔ کل حاضری 110 رہی جن میں سے 77 مہمان تھے۔ مہمانوں میں گاؤں کے امام اور سیاسی پارٹی کے سیکرٹری بھی شامل ہوئے۔

### Tandahimba جماعت

مورخہ 7؍جولائی 2008ء بروز پیر ساڑھے دس بجے مشن ہاؤس کے سامنے والی کھلی جگہ پر جلسہ کا آغاز ہوا۔ خواتین کے لئے مشن ہاؤس کی پچھلی طرف انتظام تھا۔ آواز کے لئے لاؤڈ سپیکر استعمال کیا گیا۔ قریبی جماعت Mndubwe کے لئے بھی یہ مشترکہ جلسہ تھا وہاں سے بھی کافی احباب پیدل اور سائیکلوں پر پہنچے۔ تلاوت ونظم کے بعد مکرم معلم اشرف عثمان صاحب، مکرم معلم حسن مروبے صاحب، مکرم معلم Njenje صاحب اور خاکسار نے تقاریر کیں۔ نماز ظہر وعصر کے بعد خدام نے کھیلوں میں شرکت کی۔ جیتنے والی ٹیموں کو انعام بھی دیئے گئے۔ جلسہ کی کل حاضری 158 تھی جن میں 88 مہمان تھے۔ مہمانوں میں گاؤں کے چیئرمین، گاؤں کے امام اور محکمہ جنگلات کے آفیسر شامل تھے۔

### Mitondi جماعت

مورخہ 8؍جولائی 2008ء بروز منگل دوپہر گیارہ بجے جلسہ کا آغاز ہوا۔ قریبی جماعت Mivanga کا بھی یہ مشترکہ جلسہ تھا۔ وہاں سے بھی احباب پیدل اور سائیکلوں پر شامل ہوئے۔ تلاوت ونظم کے بعد خلافت کے موضوع پر تقاریر ہوئیں۔ مکرم معلم Njenje صاحب، مکرم معلم اشرف عثمان صاحب اور مکرم معلم حسن مروبے صاحب نے تقاریر کیں اور مہمانوں کے سوالات کے جواب دیئے۔ مہمانوں میں لٹریچر تقسیم کیا گیا۔ کل حاضری 88 تھی جن میں 37 مہمان شامل ہوئے جن میں گاؤں کے ایگزیکٹو افسر بھی شامل تھے۔

### Chitowe جماعت

مورخہ 10؍جولائی 2008ء بروز جمعرات دوپہر دس بجے صدر جماعت مکرم محمد بکری صاحب کے گھر کے سامنے جلسہ ہوا۔ جلسہ کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جس کے بعد خلافت کے موضوع پر تقاریر ہوئیں۔ بعد میں مہانوں کے سوالات کے جوابات دیئے گئے۔ کل حاضری 26 تھی جن میں سے پانچ مہمان تھے۔

### Mmeda جماعت

مورخہ 11؍جولائی 2008ء بروز جمعہ دو بجے دوپہر جلسہ کا پروگرام تھا۔ صبح نماز تہجد باجماعت ادا کی گئی اور ایک بکرا ذبح کیا گیا۔ ساری جماعت نے بیت الذکر اور احاطہ کو خوب صاف کیا اور سجایا۔ جلسہ کے لئے تلاوت ونظم کے بعد مکرم معلم سعدی حمیدی صاحب، مکرم معلم شعبان پُولُوے صاحب اور مکرم معلم Nyenje صاحب نے خلافت کے موضوع پر تقاریر کیں اور سوالات کے جوابات دیئے۔ قریبی جماعت Litehu سے بھی احباب جماعت اسی جلسہ میں شامل ہوئے۔ پانچ بجے جلسہ اختتام پذیر ہوا۔ کل حاضری 182 تھی جن میں 93 مہمان تھے۔

### Mitonji جماعت

11؍جولائی کو ہی شام کے وقت صدر جماعت کے گھر کے سامنے جلسہ منعقد ہوا۔ تلاوت ونظم کے بعد معلم مصطفیٰ مامبو، معلم حسن مروبے اور معلم مرتضیٰ جعفر نے خلافت کے موضوع پر تقاریر کیں اور مہمانوں کے سوالات کے جوابات دیئے۔ جلسہ کی حاضری 100 سے زائد تھی اور 70 مہمان بھی شامل ہوئے۔

### Lulindi جماعت

12؍جولائی 2008ء بروز ہفتہ دوپہر دس بجے جنرل سیکرٹری صاحب کے گھر کے سامنے جلسہ ہوا۔ تلاوت ونظم کے بعد معلمین نے خلافت کے موضوع پر تقاریر کیں اور مہمانوں کے سوالات کے جواب دیئے۔ کل حاضری 90 تھی جن میں سے 78 مہمان شامل ہوئے۔ مہمانوں میں گاؤں کے چیئرمین، چیف قبیلہ Bonamilo، پرائمری سکول کے ہیڈ ماسٹر، ممبر آف کونسل، چرچ کے پادری، حکومتی سیاسی پارٹی کے سیکرٹری شامل تھے۔

### Na Huka Kuna جماعت

12؍جولائی 2008ء بروز ہفتہ ساڑھے دس بجے احمدیہ بیت الذکر میں جلسہ ہوا۔ قریبی جماعت Nanyangamara سے بھی احمدی شامل ہوئے۔ تلاوت ونظم کے بعد معلمین نے خلافت کے موضوع پر تقاریر کیں اور سوالات کے جوابات دیئے۔ کل حاضری 191 تھی جن میں 92 مہمان تھے۔

### Mpopo جماعت

13؍جولائی 2008ء بروز اتوار گیارہ بجے احمدیہ بیت الذکر کے سامنے درختوں کے سایہ کے نیچے جلسہ کا آغاز ہوا۔ تلاوت ونظم کے بعد معلمین نے خلافت کے موضوع پر تقاریر کیں۔ ساڑھے تین بجے جلسہ اختتام پذیر ہوا۔ جلسہ کی کل حاضری 90 تھی جن میں 38 مہمان شامل ہیں۔ مہمانوں میں گاؤں کے چیئرمین اور ایگزیکٹو آفیسر شامل ہیں۔

### Kilanjelanja جماعت

18؍جولائی 2008ء بروز جمعۃ المبارک دو بجے دوپہر جلسہ منعقد ہوا۔ احمدیہ بیت الذکر میں جلسہ منعقد ہوا۔

(باقی صفحہ 7 پر)

پبلشر وپرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

## خطبہ جمعہ

# سچی فراست اور سچی دانش اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کئے بغیر حاصل ہی نہیں ہوسکتی

**ہر احمدی کو اس بات پر غور کرنا چاہئے کہ جو بھی اللہ تعالیٰ نے پیدائش کی ہے وہ ہمارے لئے اللہ تعالیٰ کے وجود کا ایک ثبوت ہے**

جب ذکر ہوگا تو عبادت کی طرف توجہ ہوگی اور جب عبادت کی طرف توجہ پیدا ہوگی تو اللہ تعالیٰ کے جو احکامات ہیں ان کی پابندی کرنے کی طرف بھی توجہ پیدا ہوگی۔ تو یہ ایسا ایک دائرہ ہے جس کے اندر آ کر انسان پھر نیکیوں اور شکر گزاریوں کے جذبات سے ہر وقت سرشار رہتا ہے

**صحیح فراست اور حقیقی دانش کبھی نصیب نہیں ہوسکتی جب تک تقویٰ میسر نہ ہو**

خطبہ جمعہ حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرمودہ 10 ر اپریل 2009ء بمطابق 10 ر شہادت 1388 ہجری شمسی بمقام **Lake District** (برطانیہ)

خطبہ جمعہ کا یہ متن ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ کے آغاز میں سورۃ آل عمران کی آیت 191 تلاوت کی اور فرمایا

یہ آیات جو مَیں نے تلاوت کی ہیں ان کا ترجمہ ہے کہ یقیناً آسمان اور زمین کی پیدائش میں اور رات اور دن کے ادلنے بدلنے میں عقل والے لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں اور (۔) وہ لوگ جو اللہ کو یاد کرتے ہیں کھڑے ہوئے اور بیٹھے ہوئے بھی اور اپنے پہلوؤں کے بل بھی اور آسمانوں اور زمین کی پیدائش میں غور و فکر کرتے رہتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اے ہمارے ربّ تو نے ہرگز یہ بے مقصد پیدا نہیں کیا۔ پاک ہے تو۔ پس ہمیں آگ کے عذاب سے بچا۔

ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے ہمیں یہ توجہ دلائی ہے کہ ایک بات واضح ہو مخلوق پر، انسانوں پر، کہ ہر قسم کی پیدائش خدا تعالیٰ کی طرف سے ہے اور اس پیدائش میں زمین و آسمان کی ہر چیز شامل ہے۔ انسان بھی اس پیدائش کا حصہ ہے۔ انسان کے لئے اس کی بہتری کے لئے، اس کے کام میں آسانی کے لئے اور اس کے آرام کے لئے دن اور رات رکھے۔ ایک جگہ فرمایا کہ اگر صرف دن ہی ہوتا اور رات کبھی نہ پڑتی تو تمہارا حال کیا ہوتا؟ اور اگر صرف رات ہی ہمیشہ کے لئے ہوتی تو پھر انسان کا کیا حال ہوتا؟ ان ملکوں میں، مغربی ممالک میں جائزہ لیں، دیکھیں تو سردیوں کے موسم میں دن بہت چھوٹے ہو جاتے ہیں اور راتیں لمبی ہوتی ہیں اور ان دنوں میں عموماً دیکھا ہوگا کہ ڈپریشن کے مریض بہت زیادہ ہو جاتے ہیں۔ تو یہ اللہ تعالیٰ کا بڑا ہی احسان ہے کہ اس نے دن بھی بنایا، رات بھی بنائی۔ دو مختلف اوقات بنائے اور جب اس میں ذرا سی تبدیلی آتی ہے تو باوجود اس بات کے کہ ان لوگوں کو جو یہاں رہتے ہیں اس موسم کی عادت ہے جب چھوٹے دن آئیں، روشنی کم ہو جائے تو ڈپریشن شروع ہو جاتا ہے۔ تو یہ اللہ تعالیٰ کا انسان پر بہت بڑا احسان ہے کہ یہ جو دن اور رات ہیں، یہ مختلف موسموں میں بھی ادلتے بدلتے رہتے ہیں۔ راتیں چھوٹی ہو جاتی ہیں، دن لمبے ہو جاتے ہیں۔ دن چھوٹے ہوتے ہیں راتیں لمبی ہو جاتی ہیں یا بعض دفعہ برابر ہو جاتے ہیں۔ یہ جو انسان کے لئے اللہ تعالیٰ نے ادلتے بدلتے موسم بنائے ہیں، یہ اس لئے ہیں کہ وہ ایک تو اس بات پر اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرے کہ کتنا بڑا احسان ہے، ایک ہی طرح کی چیز نہیں بنائی جس میں کوئی تبدیلی نہ ہو بلکہ جو فطرت نے اس کی طبیعت میں تبدیلی رکھی ہے اس کا اظہار ہوتا رہے اور انسان کہیں ڈپریشن کا مریض نہ ہو جائے اسے مختلف موسم دئے، پھر یہ کہ روشنی کے جو دن ہیں اگر ہم جائزہ لیں تو روشنی عموماً زیادہ دنوں پر پھیلی ہوئی ہے۔ چھوٹے دن کم عرصے کے لئے ہوتے ہیں اور بڑے دن زیادہ عرصہ کے لئے ہوتے ہیں۔ یہ بھی اللہ تعالیٰ کا ایک بہت بڑا احسان ہے۔ پس اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ عقلمند وہی لوگ ہیں جو ان ادلتے بدلتے موسموں کو، دنوں کو دیکھیں اور پھر اللہ تعالیٰ کے احسان مند ہوں، شکر گزار ہوں کہ اس نے جس طرح انسان کی فطرت بنائی اس کے مطابق موسموں کو بھی ڈھال دیا اور اس لحاظ سے یہاں فرمایا کہ یہ جو بدلتے ہوئے دن ہیں اور راتیں ہیں انسان کو ان روشنی کے دنوں سے سبق حاصل کرنا چاہئے اور روحانی فائدہ بھی اٹھانا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ کے نور کو، اس روشنی کو جو خدا تعالیٰ کی طرف سے آتی ہے، وہ روحانی روشنی جو اللہ تعالیٰ اپنے خاص بندوں کے ذریعہ سے دنیا میں بھیجتا ہے اس سے فائدہ اٹھانا چاہئے اور ان بھیجے ہوؤں کو تلاش کرنا چاہئے اور جو پیغام وہ لاتے ہیں اللہ تعالیٰ سے مدد مانگتے ہوئے اس کے آگے جھکتے ہوئے اس کی صداقت کو تسلیم کرنے کی طرف توجہ ہونی چاہئے نہ کہ انکار کرنے کی طرف۔ تو یہ چیزیں ہیں جو اللہ تعالیٰ کی طرف انسان کو توجہ دلاتی ہیں۔ اس کی عبادت کی طرف توجہ دلاتی ہیں۔ اس کا شکر گزار اور احسان مند بناتی ہیں۔

ہم خوش قسمت ہیں کہ................ اُس روشنی سے حصہ پا رہے ہیں جو اس زمانے میں اللہ تعالیٰ نے ہماری روحانی ترقی کے لئے بھیجی۔ لیکن اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ حصّہ پانے اور فیض اٹھانے کے لئے صرف پہچاننا اور مان لینا کافی نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کا ذکر بہت ضروری ہے، جیسا کہ دوسری آیت میں فرمایا کہ (۔) کہ وہ لوگ جو اللہ کو یاد کرتے ہیں کھڑے ہوئے بھی اور بیٹھے ہوئے بھی اور اپنے پہلوؤں کے بَل بھی۔ (۔) اور آسمانوں اور زمین کی پیدائش پر غور کرتے ہیں کہ کس طرح اللہ تعالیٰ نے زمین اور آسمان کو پیدا کیا۔ (۔) بے ساختہ یہ کہتے ہیں کہ اے ہمارے ربّ! تو نے ہرگز یہ چیزیں یوں ہی پیدا نہیں کیں۔ بے مقصد پیدا نہیں کیں بلکہ ہر پیدائش کا ایک مقصد ہے اللہ تعالیٰ کی جتنی مخلوق اس زمین پر بھی پائی جاتی ہے چاہے وہ زہریلے جانور ہی ہوں، ان کا بھی ایک مقصد ہے۔ اور پاک ہے تُو۔ پس ہمیں آگ کے عذاب سے بچا۔ ہم کہیں تیری اس بات کا انکار کر کے تیری خدائی کا انکار کر کے آگ کے عذاب میں نہ پڑنے والے ہوں۔

اللہ تعالیٰ کے مبعوث کئے ہوئے کو ماننے کے بعد پھر اور بھی زیادہ ذمہ داریاں بڑھ جاتی ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے ذکر کی طرف توجہ پیدا ہو اور ہر وقت ہر سوچ کے ساتھ اور ہر چیز جو اللہ تعالیٰ کی تخلیق ہے اس کو دیکھ کر ایک احسان مندی اور شکر گزاری کے جذبات پیدا ہوں۔ اور جب ذکر ہوگا تو عبادت کی طرف توجہ ہوگی اور جب عبادت کی طرف توجہ پیدا ہوگی تو اللہ تعالیٰ کے جو احکامات ہیں ان کی پابندی کرنے کی طرف بھی توجہ پیدا ہوگی۔ تو یہ ایک ایسا دائرہ ہے جس کے اندر آ کر انسان پھر نیکیوں پر عمل کرتا ہے۔ نیکیوں کو کرنے کی توفیق پاتا ہے اور شکر گزاری کے جذبات سے سرشار رہتا

ہے اور اللہ تعالیٰ نے جو چیز بھی زمین و آسمان میں پیدا کی ہے اس پر غور کر کے اللہ تعالیٰ پر ایک بندے کا ایمان مضبوط سے مضبوط تر ہوتا چلا جاتا ہے جو اللہ تعالیٰ کی پہچان کرنے کی کوشش کرنے والا ہو۔

اس علاقے میں بھی ہم دیکھتے ہیں اونچے پہاڑ ہیں۔ گہری کھائیاں ہیں۔ آبشاریں ہیں۔ ندی نالے ہیں۔ جھیلیں ہیں، لیک ڈسٹرک کا علاقہ کہلاتا ہے، بہت ساری جھیلیں ہیں۔ تو یہ سب جو ہیں خدا کا تصور پیش کرتی ہیں۔ ان چیزوں کی تصویر کشی کرتی ہیں جو خدا تعالیٰ نے پیدا کیں اور ہمارے فائدے کے لئے پیدا کیں۔

اگر ہم کائنات کا نقشہ دیکھیں تو جو بھی اپنی دوربینوں سے سائنسدانوں نے تصویر لی ہے کائنات کے اس پورے یونیورس (Universe) کی تو ہماری زمین جو ہے ان ستاروں کے جھرمٹ میں ایک چھوٹا سا ایسا نقطہ نظر آتا ہے جس کی کوئی حیثیت نہیں بلکہ یہ لکھا جاتا ہے کہ ہماری زمین یہیں کہیں ہوگی۔ اس زمین میں ہی بے شمار چیزیں اللہ تعالیٰ نے ایسی پیدا کر دی ہیں جو انسان جب دیکھے تو نئی سے نئی لگتی ہیں۔ کسی بھی رستے پہ چلے جائیں، کسی بھی جنگل میں چلے جائیں، کسی بھی دریا کے کنارے کھڑے ہو جائیں، ریگستانوں میں کھڑے ہو جائیں تو آپ کو اللہ تعالیٰ کی قدرت ایک نئے رنگ سے نظر آئے گی۔ قدرت کے جلوے ایک نئی شان سے ظاہر ہو رہے ہوں گے جو خدا تعالیٰ کی خدائی پر بے اختیار یقین قائم کرتے ہیں۔ یہ بھی ایک احمدی کی شان ہے کہ اس زمانہ کے امام کو پہچان کر ان چیزوں کی طرف مزید توجہ پیدا ہوئی۔ اللہ تعالیٰ کی صنّاعی کی طرف، قدرت کی طرف، اس کی پیدائش کی طرف ایک توجہ پیدا ہوئی۔ ورنہ علامہ اقبال ایک مشہور شاعر تھے انہوں نے اللہ تعالیٰ کو یاد کرتے ہوئے ایک شکوہ کی نظم لکھی جس کا نام شکوہ تھا کہ اللہ تعالیٰ مجھے شکل مجاز میں نظر آ۔ مسلمان بھی تھے، عالم بھی تھے، بہت پڑھے ہوئے بھی تھے لیکن اللہ تعالیٰ کی پیدائش کو دیکھ کر خدا تعالیٰ کی پہچان ان کو نہ ہو سکی ۔ لیکن ایک احمدی خاتون جو زمانے کے امام کی پیاری بیٹی تھی انہوں نے ان کی گود میں تربیت پائی تھی، انہوں نے اس کا جواب لکھا کہ مجھے پہاڑوں کی بلندیوں میں دیکھو، مجھے گہری کھائیوں میں بھی دیکھو، ع

مجھے دیکھ رفعت کوہ میں، مجھے دیکھ پستی کاہ میں

اور ہر چیز اور خدا تعالیٰ کی جو ہر پیدائش ہے، اس میں مَیں شکل مجاز میں نظر آؤں گا اور تمہیں ہر چیز کو دیکھ کر، میری صناعی کو دیکھ کر میری یاد آنی چاہئے۔ تو یہ ہے ایک احمدی کا طرہ امتیاز جس کو اللہ تعالیٰ کی پہچان ہر چیز کو دیکھ کر پہلے سے زیادہ ہوتی ہے اور ایمان مضبوط سے مضبوط تر ہوتا چلا جاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے آسمان و زمین کی پیدائش میں بھی اگر غور کرو تو ایک نئی شان ہے۔ دوسرے سیاروں کو تو ابھی ہم نے دُور سے ہی دیکھا ہے اور سائنسدانوں نے کچھ اپنے علم کے مطابق کچھ اندازے لگا کر، کچھ دھندلی سی تصویریں دیکھ کر ہمیں ان کے بارہ میں بتایا لیکن ان کی گہرائی کا ہمیں پتا نہیں لیکن یہ زمین جو ہے، جس میں خدا تعالیٰ نے ہمیں آباد کیا اس زمین میں ہی عجیب عجیب نظارے اللہ تعالیٰ کی قدرت اور صنّاعی کے نظر آتے ہیں۔ پس یہ ہے اللہ تعالیٰ کی شان اور پھر اس پر جب ہم دیکھتے ہیں کہ یہ آیات جو اُس زمانے میں آج سے 14، 15 سو سال پہلے عرب کے صحرا میں ایک ایسے انسان پر اتریں جس کو دنیا کا علم نہیں تھا۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنے علم سے اپنی کتاب اتار کر، اپنا کلام اتار کر اسے کامل انسان بنا دیا تھا۔ اس نے پھر ہمیں بتایا اور پھر یہ بات بے اختیار اسلام کی سچائی اور آنحضرت ﷺ کی سچائی پر ایک یقین قائم کرتی ہے کہ کس طرح خدا تعالیٰ نے اُس زمانے میں جب سائنس کو ترقی نہیں تھی، اُس وقت زمین اور آسمان کی پیدائش کے بارے میں بڑے گہرے گہرے راز بتائے اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ان چیزوں کو دیکھ کر جو ایک مومن انسان ہے پھر یہ بے اختیار کہتا ہے کہ (۔) اے اللہ تعالیٰ تو نے ساری چیزیں ایسی پیدا کی ہیں جو جھوٹ نہیں ہیں۔ پس ہمیں کبھی ایسا نہ بنا جو اس کو جھوٹ سمجھنے والے ہوں، غلط سمجھنے والے ہوں۔ اور پھر ہم اس کی وجہ سے تیری عبادت سے بے اعتنائی کرنے والے ہوں۔ تیری عبادت نہ کرنے والے ہوں اور نتیجۃً پھر تیرے عذاب کے مورد بنیں۔

پس قرآن شریف جو ہم پڑھتے ہیں اللہ تعالیٰ کی سائنس کے بارے میں یہ چیزیں اور اپنی پیدائش کے بارہ میں جب ان آیات پر غور کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ پر ایمان اور مضبوط ہوتا ہے اور (۔) کی سچائی اور زیادہ ہم پر واضح ہوتی ہے۔ پس ہر احمدی کو اس بات پر غور کرنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ نے جو بھی پیدائش کی ہے وہ ہمارے لئے اللہ تعالیٰ کے وجود کا ایک ثبوت ہے۔ جو لوگ کہتے ہیں کہ خدا تعالیٰ نہیں ہے اگر وہ دیکھیں تو اللہ تعالیٰ کی زمین پر ہی بے شمار مخلوق ہے جو اللہ تعالیٰ کے وجود کی نشاندہی کر رہی ہوتی ہے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ: ’’قرآن کریم میں ان لوگوں کو جو عقل سے کام لیتے ہیں اولوالالباب فرمایا ہے۔ پھر اس کے آگے فرماتا ہے (۔) اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے دوسرا پہلو بیان کیا ہے کہ اولوالالباب اور عقل سلیم بھی وہی رکھتے ہیں جو اللہ جلشانہٗ کا ذکر اٹھتے بیٹھتے کرتے ہیں۔ یہ گمان نہ کرنا چاہئے کہ عقل و دانش ایسی چیز ہیں جو یونہی حاصل ہو سکتی ہیں۔ نہیں بلکہ سچی فراست اور سچی دانش اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کئے بغیر حاصل ہی نہیں ہو سکتی‘‘۔ حقیقی عقل اسی کو ملتی ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف جھکتا ہے اس سے مدد مانگتا ہے اور اس کی صنّاعی پر، اس کی مخلوق پر، اس کی پیدائش پر غور کرتا ہے۔ فرمایا کہ ’’اسی واسطے تو کہا گیا ہے کہ مومن کی فراست سے ڈرو‘‘۔ مومن جو ہے وہ بڑا فراست والا ہوتا ہے۔ ’’کیونکہ وہ الٰہی نور سے دیکھتا ہے۔ صحیح فراست اور حقیقی دانش جیسا میں نے ابھی کہا کبھی نصیب نہیں ہو سکتی جب تک تقویٰ میسر نہ ہو۔ اگر تم کامیاب ہونا چاہتے ہو تو عقل سے کام لو۔ فکر کرو، سوچو۔ تدبر اور فکر کے لئے قرآن کریم میں بار بار تاکیدیں موجود ہیں۔ کتاب مکنون اور قرآن کریم میں فکر کرو اور پارسا طبع ہو جاؤ۔ جب تمہارے دل پاک ہو جائیں گے اور ادھر عقل سلیم سے کام لو گے اور تقویٰ کی راہوں پر قدم مارو گے پھر ان دونوں کے جوڑ سے وہ حالت پیدا ہو جائے گی کہ (۔) تمہارے دل سے نکلے گا‘‘۔ اس وقت جب یہ چیزیں ہوں گی کہ تقویٰ کی راہوں پہ قدم مارو۔ عقل سے کام لو، خدا تعالیٰ کی طرف جھکو۔ قرآن کریم پر غور و فکر کرو تو تب حقیقت میں رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا کا مطلب سمجھ آئے گا اور پھر دل سے یہ دعا نکلے گی (۔) اے اللہ تو پاک ہے۔ ہماری غلطیوں کو معاف کر، ہمارے گناہوں کو معاف کر۔ ہمیں ہمیشہ ان راہوں پر چلا جو تیری رضا کی راہیں ہیں تاکہ ہم آگ کے عذاب سے بچتے رہیں۔ فرمایا تمہارے دل سے بھی یہ آواز نکلے گی ’’اُس وقت سمجھ آ جائے گا کہ یہ مخلوق عبث نہیں بلکہ صانع حقیقی کی حقانیت اور اثبات پر دلالت کرتی ہے‘‘۔ یہ ہے صحیح حقیقت۔ جب انسان ان باتوں کو سمجھتا ہے تب اللہ تعالیٰ جو صانع حقیقی ہے۔ جو ہر چیز کو پیدا کرنے والا ہے اس کا ثبوت تمہارے سامنے آ جائے گا۔ فرمایا ’’اس وقت سمجھ میں آ جائے گا کہ یہ مخلوق عبث نہیں بلکہ صانع حقیقی کی حقانیت اور اثبات پر دلالت کرتی ہے تاکہ طرح طرح کے علوم و فنون جو دین کو مدد دیتے ہیں ظاہر ہوں‘‘۔

(تفسیر حضرت مسیح موعود جلد دوم، زیر سورۃ آل عمران آیت 191-192، صفحہ 197)

یہ جو علوم ہیں یہ بھی دین کی مدد کے لئے ہیں اور یہ بھی اللہ تعالیٰ نے انسان کو جو عقل دی ہے اس کی وجہ سے انسان حاصل کرتا ہے۔ آج سائنس میں بڑی ترقی ہے۔ یہ ترقی اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں پہلے بیان کر دی تھی کہ ایک وقت میں ہوگی اور انسان دنیا میں بھی ہر علم میں ترقی کرے گا لیکن اللہ تعالیٰ کی مدد کے بغیر نہیں ہو سکتا۔ سائنسدانوں کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ بھی جب غور کرتے ہیں تو ان پر بھی ایک دفعہ ایسی کیفیت طاری ہو جاتی ہے جو الہامی کیفیت ہوتی ہے، چاہے وہ اس وقت خدا سے مانگ رہے ہوں یا نہ مانگ رہے ہوں۔ محنت، توجہ اور شوق ہوتا ہے پھر ایک چیز کی لگن ہوتی ہے اور اس کے لئے پھر لاشعوری طور پر اللہ تعالیٰ سے مدد بھی مانگ رہے ہوتے ہیں۔ اس وقت پھر اللہ تعالیٰ ان کے لئے راستے کھولتا ہے اور ان کو نئے راستے دکھاتا ہے۔

اللہ کرے کہ ہم صحیح رنگ میں اس کے عبادت گزار بھی بنیں اور اس کی پیدائش کو دیکھ کر اس پر غور کرتے ہوئے اس کے وجود پر ایمان مضبوط سے مضبوط تر کرتے چلے جانے والے ہوں۔

مرسلہ: نظارت صنعت وتجارت

# آن لائن جابز (Online Jobs)

پاکستان بھر میں بلکہ دنیا بھر میں جہاں معاشی کساد بازاری کے باعث اکثر ممالک میں بہت سے کاروبار، بینکس اور کمپنیاں بند ہوگئیں ہیں وہاں لامحالہ بے روزگاری کا ایک بہت بڑا سیلاب بہت سے خاندانوں کو نقصان پہنچا چکا ہے اور یہ سلسلہ بجائے کم ہونے کے بڑھتا جارہا ہے اور شاید چند سال مزید اس خوفناک صورتحال سے نکلتے ہوئے لگ جائیں۔

اس میں دیگر ممالک کے ساتھ ساتھ پاکستان میں بھی بہت سے مرد وخواتین اپنی ملازمتوں سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں اور آجکل اس بڑھتی ہوئی مہنگائی میں گھریلو اخراجات کی وجہ سے بہت پریشان ہیں ان میں ایک تعداد احمدی احباب وخواتین کی بھی ہے۔

اس صورتحال میں نظارت صنعت وتجارت مختلف ذرائع، اخبارات، رسائل، ویب سائٹ (www.sanat-o-tijarat.org) اور ضلعی عہدیداران کی مدد سے اپنی حتی المقدور کوشش کرتی رہتی ہے کہ ملک بھر میں جہاں جہاں کاروبار اور ملازمتوں کے مواقع نکلیں وہاں احمدی احباب وخواتین کو بھی مطلع کیا جائے اور اسی سلسلہ میں درج ذیل مضمون آپ کی خدمت میں پیش کیا جارہا ہے اور اس مضمون سے استفادہ کرتے ہوئے احباب و خواتین گھر بیٹھے اپنے روزگار میں اضافہ کرسکتے ہیں۔

اس مختصر مضمون میں آپ کو Online Jobs کے حوالے سے کچھ راہنمائی کی جائیگی۔

1- 'Online Jobs' کے لیے کیا 'Skills' درکار ہیں؟

2- 'Online Jobs' کہاں سے حاصل کی جائے؟

3- 'Online Jobs' کے لئے کیسے 'Apply' کیا جائے؟

4- 'Online Jobs' کا معاوضہ کیسے وصول کیا جائے؟

## Online Jobs کے لیے کیا Skills درکار ہیں؟

کسی بھی ملازمت کے لئے یہ دیکھنا ضروری ہوتا ہے کہ کیا آپ میں وہ صلاحیت موجود ہے یا آپکی تعلیمی قابلیت، تجربہ اس Job کے لئے موزوں ہے۔ سب سے پہلے یہ دیکھتے ہیں کہ آن لائن ملازمتیں کن کن Main Categories میں موجود ہیں۔

A - Web & Programming

B - Design & Multimedia

C - Writing & Translation

D - Sales & Marketing

E - Admin Support

F - Engineering & Manufacturing

G - Finance & Management.

H - Legal

اب باری باری ان 'Skills' کے بارے میں دیکھتے ہیں جو مذکورہ بالا Main Categories کے لئے درکار ہیں:

## A-Web & Programming

PHP - SQL - HTML - .NET - JAVA - C - MYSQL - CSS - ASP - FLASH - JAVASCRIPT - ASP.NET - SQL Server - AJAX - XML - WINDOWS - SEO - XHTML - LINUX - JOOMLA - VB.NET - WEB SERVICES - WORD PRESS - JSP - VISUAL BASIC - J2EE - UNIX - DHTML - PAYPAL - DRUPAL -

## B-Design & Multimedia

Graphic Design - Photoshop - Illustrator - Logo Design - Animation - InDesign - Dreamweaver - 3D - Director - Photography - Custom Illustration - Video Production - Cover Design - After Effects - Video Editing -

## C-Writing & Translation

English - Editing - Article Writing - Business Writing - Creative Writing - Content Writing - Proofreading - Blogs - Fiction Writing - Technical Writing - Online Writing - Web Content - Grammar - Report Writing - Sales Writing - Copywriting - Newsletters - Press Release - Letter Writing - Travell Writing -

## D-Admin Support

Office Admin - Data Entry - Word - Admin Assistant - Customer Support - Time Management - Word Processing - Typing - General Office Skills - Email Handling - Travel Planning - Telephone Handling - Event Planner - Helpdesk - Wordperfect -

## E-Sales & Marketing

Sales - Advertising - Market Research - Marketing Strategy - Internet Marketing - Direct Marketing - Email Marketing - Branding - Public Relations - Lead Generation - Freelance Marketing - Event Planning - Telemarketing - Google Adwords - Public Speaking -

## F-Engineering & Manufacturing

Manufacturing Design - Industrial Engineer - Mechanical Engineer - Industrial Design - Architecture - 3d Modelling - Computer Engineer - Electronics - Electrical Engineer - Solik Works - Material Engineer - Digital - Interior Design - Civil Engineer - Pro-E - Operations Research - Wireless - Chemical Engineer - Integrated Circuit - MathCAD -

## G-Finance & Management

Management - Accounting - Financial Accounting - Project Management - Bookkeeping - Business Plans - Business Analysis - Financial Analysis - Financial Reporting - QuickBook - Payroll - Financial Statements - Account Receivable - Tax Preparation - Accounts Payable -

## H-Legal

Contacts - Legal Research - Contact Law - Licensing - Corporate Law - Legal Consulting - Paralegal - Real Estate Law - Trademark - Employment Law - International Law - Copyright - Family Law - Patent Law - Insurance -

آپ اپنے تعلیم وتجربہ کی بنیاد پر ان میں سے کسی ایک کا انتخاب کر کے آگے بڑھ سکتے ہیں۔ مثلاً اگر آپ کو Design & Multimedia میں تجربہ و مہارت حاصل ہے تو آپ اس Category میں ملازمت کیلئے Apply کرسکتے ہیں۔

## Online Jobs کہاں سے حاصل کی جائے؟

انٹرنیٹ پر بے شمار ایسی ویب سائٹس ہیں جو روزانہ سینکڑوں کی تعداد میں ملازمتوں کا اجرا کرتی ہیں۔ ان کا طریقہ کار یہ ہے کہ آپ سب سے پہلے اپنے آپ کو ان ویب سائٹس کے ساتھ رجسٹرڈ کرتے ہیں۔ یہ یاد رکھیں کہ رجسٹریشن دو قسم کی ہوتی ہے۔

1- فری رجسٹریشن

2- رجسٹریشن مع فیس

آپ ان دونوں قسم کی رجسٹریشن میں بخوبی فرق کرسکتے ہیں۔ کہ دوسری قسم کی رجسٹریشن میں ممبر کو یہ سہولت ہوتی ہے کہ ہر آنے والی ملازمت/موقع سے انہیں پہلے آگاہ کیا جاتا ہے۔ لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ مفت رجسٹریشن کا کوئی فائدہ نہیں۔ ان ممبرز کو بھی ملازمت سے آگاہ کیا جاتا ہے مگر محدود حد تک۔ مختصر یہ کہ آپ جب رجسٹریشن کروالیتے ہیں تو آپ کو تقریباً ہر روز ان ملازمتوں کے بارہ میں E-mails آنا شروع ہوجاتی ہیں۔ جن سے آپ یہ جان سکتے ہیں کہ کون سی ملازمت آپ کے لئے موزوں ہیں اور اس مطابق آپ ان کیلئے 'Apply' کرسکتے ہیں۔

## Online Jobs کے لئے کیسے Apply کیا جائے؟

ملازمت کیلئے 'Apply' کرنے کا طریقہ تو بہت آسان ہے۔ لیکن اپنی 'Application' کو بہتر کرنے کے لئے آپ کو مندرجہ ذیل دو طریقوں میں سے ایک کا انتخاب کرنا پڑے گا۔

(i)۔ ایک تو یہ کہ اپنی ایک ویب سائٹ بنائیں۔ جس میں آپکے یا آپکی کمپنی کے بارے میں

معلومات ہوں اور سب سے زیادہ ضروری چیز یہ ہے کہ آپ کے تمام کام یا پراجیکٹس وہاں پر ہوں تا کہ مختلف کمپنیاں ان کو دیکھ کر آپ کی صلاحیتوں کا خود اندازہ لگا سکیں اور یہ طریقہ سب سے زیادہ موزوں ہے۔ اس کیلئے آپ کو زیادہ سے زیادہ 10000 سے لے کر 12000 روپے تک کا خرچہ کرنا پڑے گا۔ جس میں ☆**رجسٹریشن**☆**Hosting Fee** جو ہر سال ادا کی جاتی ہے۔ (جو تقریباً 800 روپے تک ہوتی ہے) ☆**ڈیزائن** کے اخراجات شامل ہیں۔

(ii)۔ اگر آپ ویب سائٹ نہیں بنا سکتے تو اس کا حل یہ ہے کہ آپ اپنی ایک CV بنائیں جس میں آپکے پراجیکٹس کا نمایاں طور پر ذکر ہو۔

## Online Jobs کا معاوضہ کیسے حاصل کیا جائے؟

Online Jobs کا معاوضہ حاصل کرنے کیلئے مختلف طریق کار ہیں ان میں سے دو زیادہ بہتر اور مناسب ہیں وہ درج ذیل ہیں:

**(i) Paypal**

'Online Jobs' کا معاوضہ لینے کیلئے یہ سب سے زیادہ استعمال ہونے والا ذریعہ ہے۔ لیکن اس میں فی الحال مسئلہ یہ ہے کہ یہ سروس پاکستان میں ابھی مہیا نہیں ہے۔ اگر آپ کے کوئی عزیز یورپین ممالک میں رہائش پذیر ہیں تو آپ اس کے ذریعے سے Paypal کی رجسٹریشن کروا سکتے ہیں اور پھر انکے ذریعے سے رقم پاکستان منگوا سکتے ہیں۔

**(ii) Foreign Currency Account**

پاکستان میں کسی بھی بنک میں فارن کرنسی اکاؤنٹ کھلوانے کے بعد اپنا اکاؤنٹ نمبر دیں اور رقم وصول کریں جو کہ کافی آسان اور مفید طریقہ ہے۔

## چند اہم اور مفید معلومات

Online Jobs روزگار کا بہت اچھا ذریعہ ہے۔ اسکے لئے آپ رجسٹریشن کروائے بغیر بھی Job حاصل کر سکتے ہیں۔ اسکے لئے آپ کو ایک 'Blog' بنانا پڑے گا۔ مطلب یہ کہ ایک ایسی چھوٹی سی ویب سائٹ جس میں آپ کسی ایک موضوع پر مضامین لکھتے رہیں لیکن مسلسل۔ مثال کے طور پر آپ موبائیل کے ہارڈ ویئر کے ماہر ہیں۔ آپ اپنا ایک 'Blog' بنا کر اس میں مضامین لکھتے رہیں۔ تا کہ لوگ اس سے راہنمائی حاصل کر سکیں۔ اس کام میں ہر شعبہ کے حوالہ سے 'Blog' بنا سکتے ہیں۔ اس سے آپ کو فائدہ یہ ہوگا کہ جیسے جیسے لوگوں کی تعداد بڑھتی جائے گی۔ آپ مختلف کمپنیوں سے رابطہ کر کے (www.google.com) ان کے اشتہار اس اپنے 'Blog' پر لگا سکتے ہیں۔ جو آپ کو ان اشتہارات کا ماہانہ معاوضہ ادا کریں گی۔

کوشش کی گئی ہے کہ اس مختصر سے مضمون میں آپ کو 'Online Jobs' کے حوالہ سے زیادہ سے زیادہ بتایا جا سکے۔ لیکن ابھی بھی اس میں کافی تفصیل کی گنجائش ہے۔ اس بارہ میں مزید تفصیلات کے لئے 'www.google.com' پر جا کر درج ذیل فقرات ٹائپ کریں اس سے آپ بہت مفید معلومات حاصل کر سکیں گے۔

'How to get online Job'

'How to apply online Jobs'

'How to create a Blog'

'Online Jobs'

'Online Jobs' کیلئے آپ کے پاس مندرجہ ذیل چیزوں کا ہونا ضروری ہے:

1-ایک عدد کمپیوٹر

2- انٹرنیٹ کنکشن

3- کمپیوٹر کیلئے 'UPS'

'Online Jobs' کے لئے مفید ویب سائٹس:

www.elance.com

www.odesk.com

www.freelancer.com

www.getacoder.com

www.rentacoder.com

www.rozee.pk

برائے رابطہ مزید معلومات و راہنمائی
مکرم نجیب احمد صاحب
(کمپیوٹر سیکشن صدر انجمن احمدیہ ربوہ)
Email: najeeb.ahmd@gmail.com
Cell: 0322-4028612

مکرم ڈاکٹر نذیر احمد مظہر صاحب

# ادرک ۔ خوش ذائقہ غذا ۔ مفید دوا

یہ ایک جڑ ہے جو زمین کے اندر ہوتی ہے۔ تروتازہ کو ادرک، خشک کو سونٹھ، عربی میں زنجبیل اور انگریزی میں جنجر Ginger کہتے ہیں۔ تاثیر گرم وخشک ہے۔

### خواص:

زنجبیل کے خواص کے بارہ میں حضرت مسیح موعود کے کلمات طیبات پیش کرتے ہیں۔ آپ فرماتے ہیں:۔

''اس جگہ یہ بھی واضح رہے کہ علم طب کی رو سے زنجبیل وہ دوا جس کو ہندی میں سونٹھ کہتے ہیں وہ حرارت غریزی کو بہت قوت دیتی ہے اور دستوں کو بند کرتی ہے اور اس کا زنجبیل اسی واسطے نام رکھا گیا ہے کہ گویا کمزور کو ایسا قوی کرتی ہے اور ایسی گرمی پہنچاتی ہے جس سے وہ پہاڑوں پر چڑھ سکے''۔

(اسلامی اصول کی فلاسفی ص 85)

### دیگر خواص:

ہاضمہ کو طاقت دیتی ہے ریاح کو خارج کرتی ہے بھوک پیدا کرتی ہے بلغم اور معدہ کی فاسد رطوبتوں کو خارج کرتی ہے نیز ان کی پیدائش کو روکتی ہے اجابت و پیشاب کھلا لاتی ہے معدے کو طاقت دے کر اس کی استعداد کار کو بڑھاتی ہے جسم میں حرارت غریزی پیدا کرتی ہے ایسے لوگ جن کا جسم سرد رہتا اور بلڈ پریشر کم رہتا ہو۔ جسم میں ضعف و نقاہت کی شکایت رہتی ہو، اعصاب سست اور تھکے تھکے رہتے ہوں، ذہن و حافظہ کمزور ہو، طبیعت پژمردہ رہتی ہو تو ان سب علامات و عوارض کے ازالہ کے لئے مفید ہے یوں تو ایسے عوارض کے لیے جو ریح اور سردی کے سبب وجود میں آتے ہیں (ہر عمر) میں مفید ہے تاہم چالیس سال کی عمر کے بعد پیدا ہونے والے اکثر و بیشتر عوارض میں حد درجہ مفید ہے سرد مزاجوں اور عمر رسیدہ لوگوں کے لیے اس کا دائمی استعمال نہ صرف مذکورہ بالا امراض کا ازالہ کرتا ہے بلکہ تحفظ بھی فراہم کرتا ہے ویسے تو یہ (حسب مزاج و طبیعت) ہر عمر اور موسم میں استعمال کی جاسکتی ہے تاہم اس کے استعمال کا بہترین زمانہ موسم سرما ہے۔ سرما میں گرم مزاج لوگ بھی (بلحاظ طبیعت وضرورت) استعمال کر سکتے ہیں جبکہ سرد مزاج ہر موسم میں بلاتردد اس سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ ریح اور بادی کے نتیجہ میں پیدا ہونے والی بیماریوں مثلاً جوڑوں کا درد، لنگڑی کا درد (Sciatica) درد نقرس (Gout) فالج، لقوہ، جوڑوں کے درد اعصابی درد، جوڑوں کی سختی میں خوردنی اور مقامی طور پر (بطور مالش) اس کا استعمال مفید ہے۔

### استعمال کے مختلف طریقے:

☆ کسی بھی سالن میں ملا کر استعمال کی جاسکتی ہے۔

☆ ادرک کو چھیل کر کوٹ کر گھی میں بھون کر ہلکا نمک مرچ ملا کر بطور سالن کے استعمال ہوسکتی ہے۔ نمک مرچ کی بجائے شہد یا چینی بھی ملائی جاسکتی ہے۔

☆ جوسر (Juicer) کی مدد سے اس کا رس نکال کر تین گنا چینی ملا کر آگ پر قوام کر کے رکھ لیتے ہیں اور اسے دن میں کئی مرتبہ چاٹتے ہیں یہ چٹنی خوش ذائقہ ہونے کے علاوہ سردی کے نزلہ زکام، کھانسی، دمہ، گلے کی خرابی، آواز کی خرابی، جوڑوں کے درد اور دیگر امراض جو اوپر مذکور ہوچکی ہیں سب میں مفید ہے۔

☆ ادرک کا جوس اور لیموں کا جوس ہم وزن ملا کر چاٹنے سے ہاضمہ قوی ہو جاتا ہے اور بھوک خوب لگتی ہے یہ طریق گرم مزاجوں کے لیے زیادہ مناسب ہے۔

☆ ادرک کو اچار و مربہ کی صورت میں بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔

### ادرک کا اچار:

ادرک کو اچھی طرح دھو کر صاف کر لیں اور مناسب ٹکڑے اور کاشیں کاٹ لیں ایک کلو کاشوں کے لیے درج ذیل اشیاء درکار ہوں گی۔

☆ پسا ہوا نمک 120 گرام

☆ پسی ہوئی میتھی 30 گرام

☆ کلونجی 30 گرام

☆ گودہ املی 30 گرام

☆ پسی ہوئی سیاہ مرچ 30 گرام

☆ پسی ہوئی سونف 30 گرام

کاشوں میں نمک ڈال کر ان کو کسی صاف مرتبان میں رکھ لیں اور چار پانچ دن تک دھوپ میں رہنے دیں یہاں تک کہ کاشیں پیلی ہو جائیں اس کے بعد اوپر لکھے ہوئے اجزاء کو مرتبان میں تھوڑے سے سرسوں کے تیل بہتر ہو گا کہ زیتون کے تیل کے ساتھ ملا کر ڈال دیا جائے اور ہلکے ہلکے ہلا دیا جائے اس کے بعد پھر اس مرتبان میں مزید سرسوں کا تیل ڈال دیا جائے تا کہ سب اجزاء تیل میں بخوبی ڈوب جائیں ڈھکنا بند کر کے مرتبان کو دو تین دن دھوپ میں رکھ دیا جائے۔ اگر ادرک کے اچار میں ایک ساتھ لہسن کا اچار بھی تیار کر لیا جائے تو اس کی افادیت میں اور بھی اضافہ ہو جاتا ہے۔

### ادرک کا مربہ:

ادرک کو دھو کر صاف کریں اور چھلکا اتار لیں اور پانی میں جوش دیں اس کے بعد تھوڑا سا نمک ملا کر خوب جوش دیں جب نرم ہو جائے تو نکال لیں اور چینی کا قوام (چاشنی) بنا کر ملا لیں دوسرے روز اگر قوام پتلا ہو جائے تو مع ادرک قوام کو دوبارہ صحیح کر لیں مقدار خوراک دس گرام سے بیس گرام۔

اگر ادرک میسر نہ آ سکے تو سونٹھ کو کسی برتن میں رکھ کر نمدار ریت میں دبائیں اور روزانہ پانی چھڑکتے رہیں اکیس روز کے بعد نکال کر چھری یا چاقو کی مدد سے چھیل کر چھلکا اتار لیں اور مذکورہ طریق پر مربہ تیار کریں مربہ ادرک گرم مزاجوں کے بھی موافق آ جاتا ہے کیونکہ اس میں گرمی کی تاثیر نسبتاً کم ہوتی ہے مربہ کا شیرہ موسم گرما میں ٹھنڈے پانی میں ملا کر بطور خوش ذائقہ مشروب استعمال کیا جاسکتا ہے۔

### ادرک کا مقامی استعمال

روغن ادرک، جوسر کی مدد سے ادرک کا رس 1/2 لیٹر نکا لیں اور تیل سرسوں خالص 1/4 لیٹر میں ملا کر دیگچی میں ڈالیں اور آگ پر خوب پکائیں جب پانی جل جائے اور صرف تیل رہ جائے تو اتار لیں۔

### فوائد:

ریاحی درد، جوڑوں کا درد، جوڑوں کی سختی، فالج، لقوہ نیز بالچر میں اس کا مقامی استعمال بطور مالش مفید ہے۔

☆......☆......☆

# اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

## نکاح

مکرم ڈاکٹر محمد علی خان صاحب امیر ضلع پشاور تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی بیٹی وجیہ علی خان صاحبہ جو مکرم خان شمس الدین خان صاحب مرحوم سابق امیر جماعت صوبہ سرحد کی نواسی ہیں کے نکاح کا اعلان پشاور میں مورخہ 6/اپریل 2009ء کو مکرم یاسر خلیل چوہدری صاحب ابن مکرم خلیل احمد صاحب کے ساتھ کیا گیا۔ مکرم یاسر خلیل چوہدری صاحب حال کینیڈا سلسلہ کے مخلص بزرگ اور رفیق حضرت مسیح موعود حضرت سید زین العابدین ولی اللہ شاہ صاحب کے نواسے ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو ہر لحاظ سے بابرکت کرے۔

## ولادت

مکرم طاہر کریم صاحب اکاؤنٹنٹ نظارت اصلاح وارشاد مقامی ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خدا تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے خاکسار کے بڑے بھائی مکرم ظفر سلیم صاحب امریکہ کو 12/اپریل 2009ء کو دوسرے بیٹے سے نوازا ہے جو کہ وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے۔ بچے کا نام صنان سلیم تجویز ہوا ہے۔ نومولود مکرم محمد حسین حیدر صاحب چک نمبر 38 جنوبی ضلع سرگودھا کا پوتا اور مکرم رفیع اللہ صاحب امریکہ کا نواسہ ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو نیک، صالح، خادم دین اور والدین کے لئے قرۃ العین بنائے۔ نیز پیارے آقا کے ہر حکم پر لبیک کہنے کی توفیق دے۔ آمین

## اعلان دارالقضاء

(مکرم طارق محمود خان صاحب
ترکہ مکرم ثناء اللہ خان صاحب)

مکرم طارق محمود خان صاحب نے درخواست دی ہے کہ میرے والد محترم ثناء اللہ خان صاحب وفات پا چکے ہیں ان کے نام قطعہ نمبر 7/42 محلہ دارالرحمت میں سے 2 مرلہ 51 مربع فٹ بطور مقاطعہ گیر منتقل کردہ ہے۔ لہٰذا یہ حصہ میرے نام منتقل کر دیا جائے۔ میری والدہ صاحبہ کو اس پر کوئی اعتراض نہ ہے۔

تفصیل ورثاء۔

1۔ مکرمہ نسیم اختر صاحبہ (بیوہ)

2۔ مکرم طارق محمود خان صاحب (بیٹا)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس منتقلی پر اگر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع کر کے ممنون فرمائیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

## درخواست دعا

مکرم ناصر احمد صاحب سابق کارکن روزنامہ الفضل تحریر کرتے ہیں۔

میری بھتیجی مکرمہ راشدہ منور صاحبہ زوجہ مکرم ناصر احمد صاحب جرمنی کا آپریشن متوقع ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ صحت کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے اور آپریشن کے بعد کی پیچیدگیوں سے محفوظ رکھے۔ آمین

(بقیہ از صفحہ 2)

تلاوت ونظم کے بعد مکرم معلم قاسم مگالو صاحب، مکرم معلم شفیع حمیدو صاحب اور مکرم معلم حامس کِڈوڈُو صاحب نے خلافت کے موضوع پر تقاریر کیں۔ مہمانوں کو لٹریچر تقسیم کیا گیا۔ کل حاضری 92 تھی جن میں 69 مہمان شامل تھے۔ مہمانوں میں گاؤں کے چیئرمین اور ایگزیکٹو آفیسر شامل ہیں۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان جلسوں کے نیک ثمرات ظاہر فرمائے اور یہ سب لوگ اپنے پیدا کرنے والے کے حضور سجدہ ریز ہو جائیں۔

(الفضل انٹرنیشنل 10/اپریل 2009ء)

## الفضل اور کراچی کے احباب

مکرم عبدالرشید ساٹری صاحب کراچی میں روزنامہ الفضل کے مستقل مندوب ہیں۔ احباب جماعت ان سے نماز جمعہ کے بعد احمدیہ ہال میں رابطہ کر سکتے ہیں۔ الفضل جاری کروانے کیلئے فون نمبر 6320478 پر ان سے رابطہ قائم کیا جا سکتا ہے۔ سالانہ چندہ =/1800 روپے ششماہی =/900 روپے سہ ماہی =/450 روپے اور خطبہ نمبر =/400 روپے ہے۔

احباب جماعت الفضل کی توسیع اشاعت میں ہمارے ساتھ تعاون فرمائیں۔

(مینیجر روزنامہ الفضل)

## خریداران الفضل متوجہ ہوں!

بیرون از ربوہ خریداران الفضل کو چندہ الفضل ختم ہونے پر جب یاددہانی کی چٹھی ملے تو چندہ کی ادائیگی کی طرف توجہ فرمائیں اور نمائندہ مینیجر الفضل کا انتظار نہ کریں۔

(مینیجر روزنامہ الفضل)

☆......☆......☆


کراچی اور سنگاپور کے 21-K اور 22-K کے فینسی زیورات کا مرکز
العمران جیولرز
فون شوروم 052-4594674
الطاف مارکیٹ۔ بازار کاٹھیاں والا۔ سیالکوٹ

HAROON'S
Shop No.8 Block A
Super Market, Islamabad.
Ph: 2275734, 2829886, 2873874

کامیاب علاج۔ ہمدردانہ مشورہ
دوا تدبیر ہے۔ اور دعا اللہ تعالیٰ کے فضل کو جذب کرتی ہے۔
1954 NASIR ناصر 2009
نوجوانوں کے۔ امراض ونفسیاتی بیماریاں
عورتوں کی مرض اٹھرا، بچوں کا چھوٹی عمر میں فوت ہو جانا
بے اولاد مردوں اور عورتوں کا کامیاب علاج
دنیائے طب کی خدمات کے 55 سال
حکیم میاں محمد رفیع ناصر
مطب ناصر دواخانہ رجسٹرڈ، گولبازار، ربوہ
047-6211434
6212434
Fax:6213966

خوشخبری
ہومیوپیتھک پوٹینسی اور علاج اب مزید آسان
(ا)

| پوٹینسی | دوڈرام گولیاں | دوڈرام قطرے |
|---|---|---|
| 30, 200, 1000 | 5/- | 10/- |
| 10M, 50M, CM | 10/- | 15/- |

(ب) ضرورت مند مریضوں کا مفت علاج
"عظیم خان فری ہومیو ڈسپنسری"
زیر نگرانی عزیز ہومیو پیتھک کلینک رحمٰن کالونی ربوہ
صرف دس روپے کے ٹوکن پر
ایک ہفتہ کی دوائی بالکل مفت حاصل کریں۔

(ج) خوبصورت ہومیو پیتھک بریف کیس
اپنی پسند اور ضرورت کے مطابق
60 مفرد ادویات سے 240 مفرد ادویات
20 مرکب نسخہ جات سے 204 مرکب نسخہ جات
پر مشتمل بریف کیس
اور اس کے علاوہ جرمن شوابے، فرانس و پاکستانی ہومیو ادویات اور ہومیو پیتھک سامان نہایت مناسب قیمت پر حاصل کریں۔

عزیز ہومیو پیتھک کلینک اینڈ سٹور
ربوہ۔ 35460 پاکستان، Fax: 047-6212217
ڈگری کالج روڈ رحمان کالونی ربوہ
فون نمبر: 047-6005666, 0333-9797797
راس مارکیٹ نزد ریلوے پھاٹک اقصیٰ روڈ ربوہ
فون نمبر: 047-6212399, 0333-9797798


## ذکر الٰہی کی تحریک

حضرت مصلح موعود نے 12 مئی 1944ء کو تحریک فرمائی کہ احمدی نمازیں سنوار کر اور باجماعت پڑھیں اور روزانہ کم از کم بارہ دفعہ تسبیح وتحمید اور درود شریف پڑھنے کا التزام کریں۔ چنانچہ فرمایا:۔

"رسول کریم ﷺ فرماتے ہیں......

دو کلمے ایسے ہیں کہ رحمٰن کو بہت پیارے ہیں۔ خفیفتان علی اللسان زبان پر بڑے ہلکے ہیں عالم، جاہل، عورت، مرد، بوڑھا، بچہ، ہر شخص ان کلمات کو آسانی سے ادا کر سکتا ہے۔...... جہاں رسول کریم ﷺ نے تسبیح وتحمید اور تکبیر کی طرف توجہ دلائی ہے۔ وہاں تسبیحوں میں سے یہ تسبیح آپ نے بڑی اہم قرار دی ہے۔ پس میں جماعت میں تحریک کرتا ہوں کہ ہر احمدی کم سے کم بارہ دفعہ دن میں یہ تسبیح روزانہ پڑھ لیا کرے۔ وہ چاہے تو سوتے وقت پڑھ لے۔ چاہے تو ظہر کے وقت پڑھ لے۔ چاہے تو عصر کے وقت پڑھ لے۔ چاہے تو مغرب کے وقت پڑھ لے۔ چاہے تو عشاء کے وقت پڑھ لے۔ چاہے تو فجر کے وقت پڑھ لے۔ بہرحال ہر احمدی یہ عہد کرے کہ وہ روزانہ بارہ دفعہ سبحان اللّٰہ وبحمدہ سبحان اللّٰہ العظیم پڑھ لیا کرے گا۔ اسی طرح دوسری چیز جو (دین) کی ترقی کے لئے ضروری ہے وہ رسول کریم ﷺ کی برکات اور آپ کے فیوض کا دنیا میں وسیع ہونا ہے اور ان برکات اور فیوض کو پھیلانے کا بڑا ذریعہ درود ہے۔ بیشک ہر نماز کے وقت تشہد کے وقت درود پڑھا جاتا ہے مگر وہ جبری درود ہے اور جبری درود اتنا فائدہ نہیں دیتا جتنا اپنی مرضی سے پڑھا ہوا درود انسان کو فائدہ دیتا ہے۔ وہ درود بیشک نفس کی ابتدائی صفائی کے لئے ضروری ہے۔ لیکن تقرب الی اللہ کے حصول کے لئے اس کے علاوہ بھی درود پڑھنا چاہئے۔ پس میں دوسری تحریک یہ کرتا ہوں کہ ہر شخص کم از کم بارہ دفعہ روزانہ درود پڑھنا اپنے اوپر فرض قرار دے لے"۔ (الفضل 23 مئی 1944ء ص 6,5)

حضرت مصلح موعود نے 12/اکتوبر 1947ء کو مجلس عرفان میں ایک پُر معارف تقریر کے ذریعہ احمدیوں کو ذکر الٰہی اور نماز باجماعت کی خاص تحریک کی۔ چنانچہ فرمایا:۔

"نماز سے پہلے اور پیچھے ذکر الٰہی کرنے میں بھی بہت غفلت سے کام لیا جاتا ہے۔ نماز سے پہلے جو وقت امام کے انتظار میں گزارا جاتا ہے اس کو بالعموم ادھر ادھر کی باتوں میں گنوا دیا جاتا ہے۔ حالانکہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا ہے کہ وقت ایسا ہی ہوتا ہے جیسے جہاد کا وقت۔ ذکر الٰہی سے دماغ صاف ہوتا ہے۔ فرشتوں سے تعلق مضبوط ہوتا ہے اور نفس کی کمزوریاں دور ہوتی ہیں۔ پس ذکر الٰہی کی عادت ڈالو...... ان فتنوں کا ایک ہی علاج ہے اور وہ یہ کہ خدا تعالیٰ کا فضل ہم پر نازل ہو۔ پس خدا کے فضل کے جاذب بنو اور دعائیں کرو کہ قوم کے اندر اتحاد، قربانی اور ایثار کا مادہ پیدا ہو۔

(الفضل 14/اکتوبر 1947ء ص 4)

(بقیہ صفحہ 1)

راہنمائی فرمائیں گے۔ یہ خدمت کا ایک نیا میدان ہے جس سے ہمارے ڈاکٹرز کو فائدہ اٹھانا چاہئے جو واقف ڈاکٹر صاحبان اس پیشکش سے فائدہ اٹھانا چاہیں وہ درج ذیل ایڈریس پر مکرم ڈاکٹر نوری صاحب سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

muhammad_nuri@hotmail.com

mahmood@tahirheart.org

info@tahirheart.org

(سیکرٹری مجلس نصرت جہاں ربوہ)


ربوہ میں طلوع وغروب 12 اپریل

| | |
|---|---|
| طلوع فجر | 4:17 |
| طلوع آفتاب | 5:42 |
| زوال آفتاب | 12:09 |
| غروب آفتاب | 6:37 |

پلاٹ برائے فروخت
پلاٹ نمبر 8/34 دارالعلوم شرقی نور ربوہ
بر قبہ 5 مرلہ فروخت کرنا مقصود ہے۔
بالمقابل بیت نور برائے رابطہ 0331-7721976

احمد ٹریولز انٹرنیشنل
گورنمنٹ لائسنس نمبر 2805
یادگار روڈ ربوہ
اندرون و بیرون ہوائی ٹکٹوں کی فراہمی کیلئے رجوع فرمائیں
Tel:6211550 Fax 047-6212980
Mob:0333-6700663
E-mail:ahmadtravel@hotmail.com

ہر قسم سامان بجلی دستیاب ہے
شاہد الیکٹرک سٹور
متصل احمدیہ بیت الفضل
گول امین پور بازار فیصل آباد
پروپرائٹر: میاں ریاض احمد
فون: 2632606-2642605

بلال فری ہومیوپیتھک ڈسپنسری
زیر سرپرستی: محمد اشرف بلال
اوقات کار:
موسم گرما: صبح 9 بجے تا 5 بجے شام
وقفہ: 1 بجے تا 2 بجے دوپہر
ناغہ بروز اتوار
86۔ علامہ اقبال روڈ، گڑھی شاہو لاہور
ڈسپنسری کے متعلق تجاویز اور شکایات درج ذیل ای ایڈریس پر بھیجے
E-mail:bilal@cpp.uk.net

KOHINOOR
STEEL TRADERS
166 LOHA MARKET LAHORE
Importers and Dealers Pakistan Steel
Deals in cold Rolled, Hot Rolled, Galvanized Sheets & Coils
Talib-e-Dua, Mian Mubarik Ali
Tel:7630055-7650490-91 Fax:7630088
Email : mianamjadiqbal@hotmail.com

جلسہ سالانہ U.K
جلسہ سالانہ U.K میں شمولیت حاصل کرنے کے خواہشمند احباب U.K ویزا کے متعلق معلومات اور راہنمائی حاصل کریں
Education Concern®
رابطہ: ایجوکیشن کنسرن
فرخ لقمان: 0302-8411770
042-5162310
67۔ سی فیصل ٹاؤن لاہور

لوڈشیڈنگ سے فوری نجات
لائیٹ اور پنکھوں کے علاوہ ٹی وی کمپیوٹرز، سیکیورٹی کیمرہ اور پرنٹر کو آن رکھنے کیلئے ہمیشہ معیاری پائیدار دیر پا گارنٹی والا مکمل کاپر وائنڈنگ اور امپورٹڈ کور سے تیار کردہ (ٹرانسفارمر) U.P.S 500W سے لے کر 5000W تک استعمال کیجئے نیز ائیر کنڈیشنر، ریفریجریٹر کے سٹیبلائزر اور بیٹری چارجر بھی تیار کئے جاتے ہیں۔
قیمت 500W/-8500 روپے، 700W/-6500، 1000W/-5000
ری پبلک کولنگ
دھوبی گھاٹ مین بازار فیصل آباد
فون: 041-2635374
موبائل: 0300-6652912

Sarmad
SJ
Jewellers
different.like you...
Rizwan Aslam
0321-9463065
www.sarmadjewellers.com
Main Branch shop#4,Umer Market,Zaildar Road,Ichra,Lahore.
Tel:+92-42-7523145
Fax:+92-42-7567952

زرمبادلہ کمانے کا بہترین ذریعہ۔ کاروباری سیاحتی، بیرون ملک مقیم احمدی بھائیوں کیلئے ہاتھ کے بنے ہوئے قالین ساتھ لے جائیں
ڈیزائن: بخارا اصفہان، شجر کار، ڈبل ڈائز، کوکیشن افغانی وغیرہ
احمد مقبول کارپٹس
مقبول احمد خان آف شکر گڑھ
12۔ ٹیگور پارک نکلسن روڈ عقب شوبر ا ہوٹل لاہور
042-6306163-6368130 Fax:042-6368134
E-mail:amcpk@brain.net.pk
CELL#0300-4607400

Mob: 0300-9491442
Mob:0300-4742974
TEL:042-6684032
دلہن جیولرز
طالب دعا: نذیر احمد، حفیظ احمد
Gold Palace Plaza, Shop # 1, Defence Chowk, Main Boulevard Defence Society, Lahore Cantt.

البشیر
اب اور بھی شاندار ڈیزائننگ کے ساتھ
پیچ
جیولرز اینڈ بوتیک
ریلوے روڈ گلی نمبر 1 ربوہ
پروپرائٹرز: ایم بشیر الحق اینڈ سنز، ربوہ 0300-4146148
فون شوروم چوک 047-6214510- 049-4423173

کینیڈا۔ آسٹریلیا۔ برطانیہ میں
6 ماہ تا ایک سال
امیگریشن
مفت مشورہ اور فری Assesment کیلئے فوری رابطہ کریں۔
City Immigration Advisors (CIA)
Office # 8, 4th Floor, Zohra Heights, Main Market, Gulberg II, Lahore-Pakistan.
Tel: +92.42.5714050, Fax: +92.42.5714243
www.city.edu.pk

جلسہ سالانہ برطانیہ
میں شرکت اور ویزا کی رہنمائی کیلئے فوری رابطہ کریں۔
خدمت کے 10 سال
بیرون ملک تعلیم اور ویزا کیلئے سینکڑوں طلباء فائدہ اُٹھا چکے ہیں۔ دنیا کی اعلیٰ یونیورسٹیوں میں داخلہ کیلئے فوری رابطہ کریں۔
رابطہ برائے: میاں رومان تبسم (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)
Cell# +92.321.6933319
E-mail: roman@city.edu.pk

The Vision of Tomorrow
New Haven Public School
Multan Tel :061-6779794

خوشخبری
جلسہ سالانہ U.K کی خوشی میں مکمل ڈش مع ریسیور -/4000 روپے میں لگوائیں
فریج، سپلٹ اے سی، ڈیپ فریزر، واشنگ مشین، مائیکروویو اوون، کوکنگ رینج، ٹیلیویژن، ایئر کولر اور دیگر الیکٹرونکس اشیاء بازار سے بارعایت خرید فرمائیں۔
سپلٹ A/C کی مکمل وارنٹی دستیاب ہے نیز یو پی ایس UPS اور جنریٹر بھی دستیاب ہیں
FAKHAR ELECTRONICS
فخر الیکٹرونکس
1۔ لنک میکلوڈ روڈ جودھامل بلڈنگ پٹیالہ گراؤنڈ لاہور
PH:042-7223347,7239347,7354873
Mob:0300-4292348,0300-9403614

منفرد پیشکش
احمدی احباب کیلئے خاص رعایت
+92-42-5118381
8462244
0333-4216664
طالب دعا: منور احمد جاوید
فائر پلیس
منور اینڈ سنز
سپلٹ اے سی کی مکمل ورائٹی دستیاب ہے۔
نیز UPS اور جنریٹر بھی دستیاب ہیں
ایل جی، ڈاولینس، ویژنائیر، پیل، سونی، سام سنگ، سپر نیشنل اور ینٹ، مٹسوبشی، سپر ایشیا
ہیڈ آفس: 9-CI-BII کالج روڈ ٹاؤن شپ نزد لجنہ چوک لاہور پاکستان


مکمل کورس
اکسیر اولاد نرینہ
-/1400 روپے
NASIR ناصر
ناصر دواخانہ (رجسٹرڈ) گولبازار ربوہ
Ph:047-6212434

انگریزی ادویات و ٹیکہ جات کا مرکز، بہتر تشخیص مناسب علاج
کریم میڈیکل ہال
گول امین پور بازار فیصل آباد فون 2647434

FIRST FLIGHT EXPRESS
World Wide Courier Service Through D.H.L Facility
احمدی احباب کے لئے خوشخبری
دنیا بھر میں آپ کے ڈاکومنٹس اور پارسل کارگو کی ترسیل کا آسان ذریعہ
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا، UK، سوئٹزرلینڈ نہایت ہی کم ریٹ پر
Umer Ahmed. Tayyab Ahmed
For free pickup just call
900-D Block near Al Riaz Nussrey
Faisal Town Main peco Road Mochi Pura chock Lahore
042-7038097,042-5167717
Cell: 0304-4205332, 0300-4341851
Please visit site:www.firstflightexpress.com

!!Study Abroad!!
We provide Services to get admissions in U.K, USA, Canada, Ireland, Australia, New Zealand, Sweden & Finland.
MBBS/Engineering
China, Kyrgyzstan & Ukraine (Ahmadi (Male / Female Students already studying)
IELTS [7.0+ Bands; Guaranteed ]
Join our IELTS classes by UK Qualified Teachers with Hostel facility
Students from other Cities / Countries can also contact us.
Education Concern®
Mr. Farrukh Luqman 0302-84 11 770
67-C, Faisal Town Lahore. Pakistan.
+92-42-517 7124/ 5162310
farrukh@educationconcern.com
www.educationconcern.com

FD-10